مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

Maulana Azad National Urdu University

B.A. (4 Year) IInd Semester, Apr/May-2026

Paper Title: **Jadeed Sheri Asnaf (Ghazal, Nazm)** Paper Code: **BNUR202DCT**

پرچہ: جدید شعری اصناف (غزل، نظم)

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات (3) حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں (10) لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے (1) نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں (8) سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی (5) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (6) نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں (5) سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی (3) سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے (10) نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

سوال : 1

(i) غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) عربی (b) فارسی (c) اردو (d) ترکی

(ii) ''خدائے سخن'' کسے کہا جاتا ہے؟

(a) غالبؔ (b) مومنؔ (c) میرؔ (d) سوداؔ

(iii) غالبؔ کا انتقال کس سنہ میں ہوا؟

(a) 1865 (b) 1860 (c) 1869 (d) 1867

(iv) خواجہ میر دردؔ کا تعلق کس شہر سے ہے؟

(a) دہلی (b) لکھنؤ (c) عظیم آباد (d) رام پور

(v) فراقؔ گورکھپوری کس زبان کے پروفیسر تھے؟

(a) ہندی (b) فارسی (c) اردو (d) انگریزی

(vi) ''مسدس مدوجزر اسلام'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) محمد حسین آزاد (b) شبلی نعمانی (c) الطاف حسین حالی (d) سرسید

(vii) اختر شیرانی کا اصل نام کیا ہے؟

(a) محمود خاں (b) داؤد خاں (c) حامد خاں (d) یعقوب خاں

(viii) درج ذیل میں سے پروین شاکر کے شعری مجموعے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) میں ساز ڈھونڈتی رہی (b) لب گویا (c) بدن دریدہ (d) خوشبو

(ix) اختر الایمان کی نظم ہے۔

(a) ایک لڑکا (b) البیلی صبح (c) تنہائی (d) اے عشق کہیں لے چل

(x) ''اردو غزل کے اہم موڑ'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) رشید احمد صدیقی (b) ظفر لکھنوی (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) ڈاکٹر ابواللیث صدیقی

حصہ دوم

2. نظم کی تعریف بیان کیجیے۔
3. غالبؔ کے حالات زندگی قلم بند کیجیے۔
4. مومنؔ کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔
5. حالیؔ کی نظم ''مناجات بیوہ'' کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔
6. نظم ''چاند تاروں کا بن'' کا خلاصہ پیش کیجیے۔
7. اختر شیرانی کی نظم نگاری کی چند اہم خصوصیات بیان کیجیے۔
8. پروین شاکر سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔
9. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

دی بادشہی حق نے تجھے حسن نگر کی
یو کشور ایراں میں سلیماں سوں کہوں گا
مجھ پر نہ کرو ظلم تم اے لیلی خوباں
مجنوں ہوں ترے غم کوں بیاباں سوں کہوں گا

حصہ سوم

10. اردو غزل کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔
11. نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔
12. فیضؔ کی نظم ''صبح آزادی'' کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔
13. میرؔ کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔
14. اقبال کی نظم ''روح ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

☆☆☆